بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 2

متوسط (مڈل)

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشھادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... تعلیم اسلام

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے (۲۰) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ۲۰x۲=۴۰

(۱) مسلمان کسے کہتے ہیں؟
(۲) آپ کے مذہب کا نام کیا ہے؟
(۳) اسلام کا کلمہ کیا ہے؟
(۴) خدائے تعالیٰ کسے کہتے ہیں؟
(۵) کافر اور مشرک ہونے میں کیا خرابی ہے؟
(۶) سرکار مصطفیٰ ﷺ کون ہیں؟
(۷) حضور ﷺ کس تاریخ کو پیدا ہوئے؟
(۸) حضور ﷺ کی والدہ کا نام کیا تھا؟
(۹) حضور ﷺ کا مزار مبارک کہاں ہے؟
(۱۰) قرآن شریف کس کی کتاب ہے؟
(۱۱) قرآن مجید کس پر اترا؟
(۱۲) پورا قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا؟
(۱۳) حضرت جبریل علیہ السلام کون ہیں؟
(۱۴) سب سے پہلے کون سی آیت نازل ہوئی؟
(۱۵) معصوم کسے کہتے ہیں؟
(۱۶) کیا امتی عمل میں اپنے نبی سے بڑھ سکتا ہے؟
(۱۷) کیا انبیاء کرام علیہم السلام زندہ ہیں؟
(۱۸) سید الانبیاء کون ہیں؟
(۱۹) حضرت عبداللہ کا انتقال کب ہوا؟
(۲۰) حضور ﷺ کی پہلی شادی کتنی عمر میں ہوئی؟
(۲۱) آپ ﷺ کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
(۲۲) صحابی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے چار اجزاء کا جواب دیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) رسول اللہ ﷺ کو ماننے کا کیا مطلب ہے؟
(۲) قرآن مجید کس طرح نازل ہوا؟
(۳) کیا امام اور ولی بھی معصوم ہوتے ہیں؟
(۴) عشرہ مبشرہ کسے کہتے ہیں؟
(۵) عشرہ مبشرہ میں سے پانچ صحابہ کے نام بتائیے۔
(۶) حضور ﷺ کا کوئی ایک معجزہ بیان کریں۔

حصہ دوم ... ایمانیات

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے چار اجزاء کا جواب دیں۔ ۴x۱۰=۴۰

(۱) ایمان مفصل کا معنی بیان کریں۔
(۲) ایمان مجمل مع اعراب (زبر زیر وغیرہ) تحریر کریں۔
(۳) دوسرا کلمہ مع اعراب (زبر زیر وغیرہ) لکھیں۔
(۴) چوتھے کلمہ کا معنی تحریر کریں۔
(۵) پانچواں کلمہ لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

وقت: تین گھنٹے | **تیسرا پرچہ: فارسی و اردو ادب** | کل نمبر: ۱۵۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... فارسی ادب (فارسی قاعدہ)

سوال نمبر 1:۔ کوئی سے دو اجزاء کا جواب تحریر کریں۔

(۱) حال اور مستقبل بنانے کا طریقہ مثالیں دے کر بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

(۲) شناختن مصدر سے ماضی قریب معروف کی گردان مع ترجمہ لکھیں۔ ۱۰

(۳) گفت کے ساتھ تمام صیغوں کی علامتیں لگائیں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) گفتم ، آراستہ شدی ، آوردہ شد مذکورہ الفاظ کا ترجمہ کریں اور صیغے بتائیں۔ ۳+۳+۴=۱۰

(۲) ماضی مطلق معروف، امر معروف اور نہی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ ۳+۴+۳=۱۰

(۳) مصدر سے نکلنے والے فعل کتنے اور کون کونسے ہیں؟ صرف نام لکھیں۔ ۱۰

(پند نامہ)

سوال نمبر 3:۔ (**الف**) درج ذیل میں سے پانچ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۵x۵=۲۵

آں خداوندے کہ ہنگام سحر — کرد قوم لوط را زیر و زبر

پادشاہا جرم ما را در گذار — ما گنہگاریم و تو آمرزگار

آنکہ اعداء را بدریا در کشید — ناقہ را از سنگ خارا بر کشید

تو نکو کاری و ما بد کردہ ایم — جرم بے اندازہ بے حد کردہ ایم

صد ہزاراں رحمتِ جاں آفریں — بروے و بر آلِ پاکِ طاہریں

ایمنی و نعمت اندر خاندان — تندرستی و فراغت بعد ازاں

(ب) گلزار ، کف ، حوت ، اعداء ، گیاہ ، ذوالمنن ، قصر دیں مذکورہ الفاظ میں سے کسی پانچ کا ترجمہ کریں۔ ۵x۲=۱۰

حصہ دوم ... اردو ادب

سوال نمبر 4:۔ (**الف**) درج ذیل میں سے کسی چار جملوں کے مختصر جواب دیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) جنگ یرموک میں صحابہ کرام نے کس ایثار سے کام لیا؟

(۲) ہمیں ایک دوسرے کی مدد کیوں کرنی چاہیے؟

(۳) بحیثیت انسان دوسروں کے ساتھ ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟

(۴) زیادہ آمدن والے کون سی چیزوں سے لطف اٹھاتے ہیں؟

(۵) کن ممالک میں تقریباً بارہ مہینے بارش ہوتی ہے؟

(٦) عمر ثانی کا خطاب کس کو دیا گیا؟

(**ب**) درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کی جمع لکھیں۔ ۵

شاخ ، باغ ، نعمت ، فائدہ ، شک ، صفت ، غلطی

سوال نمبر 5:۔ (**الف**) درج ذیل میں سے کسی چار الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ۴x۵=۲۰

کارآمد ، خاطرخواہ ، مخلوق ، سردی ، موسم ، بہار

(**ب**) نیچے دیے گئے الفاظ میں سے کسی پانچ کے متضاد الفاظ لکھیں۔ ۵

بلند ، خشک ، سخاوت ، نفع بخش ، گرم ، زمین ، کم تر

سوال نمبر 6:۔ (**الف**) درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ ۲۰

(۱) پاکستان کے موسم (۲) عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ (۳) مثالی طالب علم

(**ب**) درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۵

اپاہج ، نظیر ، بادِ صبح ، خنکی ، زرخیز ، سیاحت ، افزائش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر ۵

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ: عربی | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

درج ذیل میں سے دو اجزاء کا ترجمہ کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

(۱) ولما امره الله بالدعوة اليه وتبليغ الرسالة كانت خديجة اول من امن به وشاركته فى كل ما لاقاه من عنت وايذاء وهى صابرة مؤمنة و عاشت معه خمسا و عشرين سنة منها عشر سنوات بعد البعثة سمى العام الذى ماتت فيه خديجة ومات فيه ابو طالب عم الرسول ﷺ عام الحزن وعاش عليه الصلوة والسلام وفيا لها وحافظا لحسن عشرتها

(۲) هذا صحيح وتجمع المسلمين فى صلاة الجمعة يزيد على عددهم فى الصلوات الخمس ويزيد عليه عددهم فى العيدين واكبر تجمع المسلمين فى الحج على صعيد واحد من عرفات وفى هذه المناسبات تعطل الدوائر الحكومية فى البلاد الاسلامية

(۳) وكان ابوه عمرو بن العاص حاضرا فالتفت اليه عمر قائلا يا عمرو متى استعبدتم الناس وقد ولدتهم امهاتهم احرارا وذات يوم كان عمر واقفا على منبر مسجد الرسول ﷺ يخطب مندذا بالمغالاة فى المهور فجاء ت امرأة من المسلمين ونظرت اليه وقالت أيعطينا الله قنطارا ويمنعنا عمر؟

سوال نمبر 2:۔

(الف) درج ذیل میں سے چار سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۲۰=۵×۴

(۱) كم حجرة فى المعهد؟ (۲) كم استاذا جديدا فى المدرسة؟ (۳) كم طالبا فى الجامعة ؟ (۴) ما ذا انتم فاعلون؟
(۵) فى اى مكان تسكن فى هذه الايام؟ (۶) كم لمن هذه الساعة ؟

(ب) درج ذیل میں سے چار جملوں کی عربی بنائیں۔ ۲۰=۵×۴

(۱) سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائیں۔ (۲) مسلمانوں کا سالانہ اجتماع کب ہوتا ہے؟
(۳) مسلمان پنجگانہ نمازیں مسجد میں ادا کرتے ہیں۔ (۴) روم کے سفیر نے انہیں درخت کے نیچے گہری نیند میں دیکھا
(۴) حضرت عمرؓ بھیس بدل کر رات کے وقت مدینہ کی گلیوں میں پھرتے تھے۔ (۶) وہ اسلامی لشکر کے جھنڈے کی حفاظت کرتے ہوئے غزوۂ احد میں شہید ہوئے

سوال نمبر 3:۔

(الف) درج ذیل میں سے چار الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۲۰=۵×۴

(۱) السنة (۲) صعيد واحد (۳) تجمع (۴) المناسبات (۵) امراض (۶) علماء

(ب) درج ذیل میں سے چار صیغوں کے بارے میں بتائیں کہ وہ باب تفعیل سے کس طرح آتے ہیں؟ ۲۰=۵×۴

(۱) صَنَعَ (۲) شَرَعَ (۳) وَفَرَ (۴) صَرَفَ (۵) سَهَلَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: حساب ومعاشرتی علوم | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 4 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی ایک ایک سوال حل کریں۔

حصہ اول ... حساب

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ درست بیانات کے سامنے "ص" اور غلط بیان کے سامنے "غ" لکھیں۔ ۱۵=۳x۵

(۱) دو مقداروں میں نسبت کو ظاہر کرنے کیلئے علامت ":" استعمال ہوتی ہے۔ (۲) کتابوں کی تعداد اور انکی قیمت میں تناسب معکوس ہوگا۔

(۳) آدمیوں کی تعداد اور خوراک کی مقدار میں تناسب معکوس ہوگا۔ (۴) دو ہندسی اعداد کا جذر ایک ہندسی ہوگا۔

(۵) 625 کا جذر دو ہندسی عدد ہوگا۔ (۶) کسر عام کا جذر اس کے مخرج کے جذر کے برابر ہوتا ہے۔

(ب) درج ذیل میں کسی تین اصطلاحات کی تعریف کریں۔ ۱۵=۵x۳

(۱) تناسب راست (۲) تناسب معکوس (۳) تناسب (۴) تناسب مرکب (۵) انکم ٹیکس

سوال نمبر 2:۔ (الف) اگر 8 میٹر لمبے اور 3 میٹر چوڑے قالین کی قیمت 1572 روپے ہو تو 12 میٹر لمبے اور 6 میٹر چوڑے قالین کی قیمت کیا ہوگی؟ ۱۰

(ب) اگر 15 کاریگر 9 دنوں میں 20,250 روپے کمائیں تو 10 کاریگر 12 دنوں میں کتنے روپے کمائیں گے۔ ۱۰

سوال نمبر 3:۔ (الف) ایک مربعی کھیت کا رقبہ 14400 مربع میٹر ہے اس کے ضلع کی لمبائی معلوم کریں۔ ۱۰

(ب) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کریں جس کو عدد 109087 میں سے تفریق کریں تو حاصل تفریق ایک مکمل مربع ہو۔ ۱۰

حصہ دوم ... معاشرتی علوم

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی پانچ درست بیانات کے سامنے "ص" اور غلط بیان کے سامنے "غ" لکھیں۔ ۱۵=۳x۵

(۱) سورج دوسرے ستاروں کی طرح ایک ستارہ ہے۔ (۲) نظام شمسی میں کل پانچ سیارے شامل ہیں۔

(۳) زمین کا اندرونی حصہ قشر ارض کہلاتا ہے۔ (۴) آبادی کے لحاظ سے چین دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔

(۵) پہلے دن کے چاند کو ہلال کہتے ہیں۔ (۶) سڈنی براعظم آسٹریلیا کا مشہور شہر ہے۔

(ب) درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔ ۱۵=۳x۵

(۱) نظام شمسی کسے کہتے ہیں۔ (۲) چاند گرہن کسے کہتے ہیں؟ (۳) دب اکبر سے کیا مراد ہے؟

(۴) پیشے پر اثر انداز ہونے والے عوامل کے صرف نام لکھیں۔ (۵) آبادی کی گنجانی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5:۔ (الف) زمین کی ساخت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

(ب) قطبی ستارہ ہماری روزمرہ زندگی میں کس کام آتا ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 6:۔ (الف) تجارت کی اہمیت پر ایک نوٹ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) مکہ معظمہ، استنبول اور نئی دہلی مذکورہ شہر کہاں کہاں واقع ہیں اور کیوں مشہور ہیں؟ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 6

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۹ھ/2018ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: جنرل سائنس وانگلش | کل نمبر: ۱۵۰

نوٹ: حصہ اول سے کوئی تین سوال جبکہ حصہ دوم کے تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... سائنس

سوال نمبر 1:۔ خالی جگہ پُر کریں۔ ۲۵=۵x۵

(۱) وائرسز کو جانداروں اور........ اشیاء کے مابین تصور کیا جاتا ہے؟ (۲) انسان میں خسرہ اور پولیو کی بیماریاں........ کی وجہ سے ہوتی ہیں (۳) انسان میں ہیضہ اور ٹی بی........ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ (۴) ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کو........ کہتے ہیں۔ (۵) پرندوں میں عام طور پر ونگز........ کے کام آتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۲۵=۵x۵

(۱) کلاسیفیکیشن اور سپشیز کی تعریف کریں۔ (۲) انسان میں وائرس سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام لکھیں۔ (۳) نقل مکانی سے کیا مراد ہے۔ (۴) کولڈ بلڈڈ اور وارم بلڈڈ جانوروں میں کیا فرق ہے؟ (۵) دو پیراسائٹس کے نام لکھیں جو انسان میں پائے جاتے ہیں۔ (۶) فلیٹ ورمز، راؤنڈ ورمز اور سیگمنٹڈ ورمز میں فرق بتائیں۔

سوال نمبر 3:۔ جانداروں کی گروہ بندی کیوں ضروری ہے؟ بیان کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 4:۔ خوراک کو محفوظ کرنے کے مختلف طریقے بیان کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 5:۔ فشرز کی امتیازی خصوصیات بیان کریں اور مثالیں بھی دیں۔ ۲۵

حصہ دوم ... انگلش

Q.No.6. Translate into urdu any one of the followings (25) کسی ایک جز کا اردو میں ترجمہ کریں۔

(i) Uncle: whatever your plans for life may be. Qasim, your English has to be good Our standards in English have fallen badly and that is a misfortune. We should know that English has become an international language and the language of science and technology.

(ii) The theief got frightened. He dropped the money and ran away. The old man was very happy. After all he had found his money. Ha was so excited about his discovery that he ran to tell his friends about it.

Q. NO 7: Answer the following questions. (any four) (20) (صرف چار سوالات کے انگلش میں جواب دیں)

(i) Why did Qasim go to Dubai? (ii) What two subjects does Qasim find tough? (iii) What has Qasim decided to do after his studies? (iv) Why did the forgetful man hide his money in the hole? (v) What did the forgetful man do when he saw his money? (vi) What did the thief do then?

Q. NO 8: What word is used for? (any three) (3x5=15) (درج ذیل کو انگلش میں کیا کہا جاتا ہے؟)

(Example: One who speaks: speaker.) (i) One who teaches? (ii) One who sells? (iii) One who acts? (iv) One who plays? (v) One who sings? (vi) One who reads?

Q. NO 9: Write the meanings. (Any five) (5x3=15) کسی پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔

(i)vocation. (ii)worry (iii)standard (iv)Helping (v)loans (vi)Relatives (vii)Tolerance